وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ

# تفسیر جلالین


عبدالرحمن جلال الدین بن ابی بکر محمد کمال الدین سیوطی

م ٩١١ھ

من البقرة الی بنی اسرائیل

جلال الدین محمد بن احمد بن محمد الانصاری المحلی

م [illegible]ھ

و من الکهف الی الناس


جلد اول

Scanned by TapScanner

# تفسیر جلالین

# MCQs

# جامعۃ المدینہ

# فیضانِ سخی سرور رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

نوٹ: کسی غلطی پر مطّلع ہوں تو رہنمائی ضرور فرمائیے گا۔

العارض: محمد کامران رضا عطاری
درجہ ثالثہ جامعۃ المدینہ سخی سرور
کامران رضا ـــــ 0317:6409009

Scanned by TapScanner

(1)- تمام حمد کا مالک کون ہے؟

① اللہ تعالیٰ ② نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ③ یہ دونوں

(2)- "رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ" میں جمع یاء اور نون کے ساتھ لانے میں غلبہ دیا گیا:

① عاقل کو غیر عاقل پر ② اس کا عکس ③ ان دونوں کو

(3)- قیامت کے دن کی بادشاہت میں اللہ پاک کو خاص کیا گیا کیونکہ:

① اس دن کسی ایک کی بھی بادشاہت نہیں ہوگی ② بادشاہت نہ ہوگی ③ سب کی ہوگی

(4)- "اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ" ترکیب کلام میں ______ واقع ہو رہا ہے:

① بدل ② مبدل منہ ③ ممیز ④ حال

(5)- "صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ" ترکیب کلام میں واقع ہو رہا ہے:

① صفت ② بدل ③ ممیز ④ حال

(6)- "غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ" سے کون لوگ مراد ہیں؟

① مومن ② نصاری ③ یہودی ④ کوئی نہیں

(7)- "وَلَا الضَّآلِّيْنَ" سے کون لوگ مراد ہیں:

① نصاری ② کافر ③ یہودی ④ لا احد فیھم

(8)- صراط الذین انعمت الخ کا بدل ہونے پر نکتہ یہ ہے کہ:

① یہودی ہدایت پانے والے نہیں ② نصاری ہدایت پانے والے نہیں ③ یہ دونوں

Scanned by TapScanner

(9)- سورۂ بقرہ ہے:
① مکی ② مدنی ③ دونوں ④ لا ادری فیہم

(10)- سورہ بقرہ میں کتنی آیات ہیں؟
① دوسو ② 286 ③ 287 ④ 290

(11)- "لَا رَيْبَ" ترکیب کلام میں واقع ہو رہا ہے:
① مبتدا ② ظرف ③ خبر ④ حال

(12)- "ذٰلِكَ الْكِتٰبُ" سے کتاب مراد ہے:
① جس کی تلاوت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کرتے ہیں ② آپ کی امت کرتی ہے ③ یہ دونوں

(13)- "هُدًى" ترکیب کلام میں بن رہا ہے:
① مبتدا ② خبر ③ خبر ثانی ④ حال

(14)- "اُنْزِلَ اِلَيْكَ" سے کونسی کتاب مراد ہے؟
① قرآن ② تورات ③ انجیل ④ زبور

(15)- "اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ" سے کونسی کتابیں مراد ہیں؟
① تورات و انجیل ② زبور ③ ان کے علاوہ

(16)- "اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا" اس سے کونسے کافر مراد ہیں؟
① ابو جہل ② ابو لہب ③ یہ دونوں ④ لا ادری فیہم

Scanned by TapScanner

(17)۔ "اَعلام" کہتے ہیں:
① اعلام شیطان کو ② خفیہ ڈرانے کو ③ یہ دونوں ④ لا احد فیہم

(18)۔ "وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّقُوْلُ اٰمَنَّا الخ" یہ آیت کن لوگوں کے بارے میں نازل ہوئی ہے؟
① منافقین ② بنی اسرائیل ③ یہودی ④ کافر

(19)۔ "مُخَادِعَۃ" یہاں پر کتنی طرفوں سے ہے؟
① دو ② تین ③ ایک ④ پانچ

(20)۔ "فِیْ قُلُوْبِھِمْ مَّرَضٌ" سے کونسی بیماری مراد ہے؟
① شک و نفاق ② حسد و بغض ③ ریا و تکبر

(21)۔ "رَعْدٌ" کیا ہے؟
① ایک فرشتہ ② فرشتے کی آواز ③ دونوں کے بارے میں قول ہے ④ یہ شئون نہیں

(22)۔ "یَعْمَھُوْنَ" یہاں کس معنی میں ہے؟
① یَتَرَدَّدُوْنَ ② یَتَحَیَّرُوْنَ ③ یہ دونوں ④ لا احد فیہم

(23)۔ "بَرْق" کہتے ہیں:
① کڑک کی چمک ② کڑک کی آواز ③ فرشتے کی آواز ④ لا احد فیہم

(24)۔ "یٰاَیُّھَا النَّاسُ اعْبُدُوْا" سے کون لوگ مراد ہیں؟
① اہل مکہ ② اہل مدینہ ③ عام لوگ ④ لا احد فیہم

(25) "لعلّ" اصل میں ترجی کے لیے آتا ہے اور اللہ کے کلام میں ۔۔۔ آتا ہے:
① تحقیق کے لیے ② طمع ختم کرنے کے لیے ③ یہ دونوں ④ یہ دونوں نہیں

(26) "فِرَاشًا" ترکیبِ کلام میں واقع ہو رہا ہے:
① حال ② حال مؤکد ③ تمییز ④ موصوف

أَنْدَادًا: کا یہاں پر معنی ہے:
(27) ① شرکاء ② خلفاء ③ مالک ④ لا احد فیہم

(28) "رَیْبٌ" کا لغوی معنی ہے:
① نفاق ② شک ③ حسد ④ بغض

(29) "نَزَّلْنَا عَلٰی عَبْدِنَا" سے کون مراد ہیں؟
① آدم علیہ السلام ② موسیٰ علیہ السلام ③ نوح علیہ السلام ④ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(30) "وَقُوْدُهَا النَّاسُ" سے کون لوگ مراد ہیں؟
① کفار ② نصاریٰ ③ یہودی ④ منافقین

(31) "لِلْکٰفِرِیْنَ" ترکیبِ کلام میں واقع ہو رہا ہے:
① جملہ مستانفہ ② حال لازم ③ ان دونوں کا اعراب میں محل ہے ④ لا احد فیہم

(32) "وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ" الخ سے کونسے عمل مراد ہیں؟
① فرض و نوافل ② روزے ③ زکوۃ و حج ④ نماز ادا کرنا

Scanned by TapScanner

(33) - ازواجِ مطہرۃٌ سے کونسی بیویاں مراد ہیں؟
① حیض اور ہر قسم کی گندگی سے ② حیض سے ③ شکل دنوں سے

(34) - "اِنَّ اللّٰہَ لَا یَسْتَحْیٖ" اس آیت مبارکہ کا نزول کن کے قول کی رد کرتا ہے؟
① نصاری ② یہودی ③ اھل مکہ ④ اھل مدینہ

(35) - "مثلاً" ترکیب کلام میں واقع ہو رہا ہے:
① فاعل ② مفعول اوّل ③ مفعول ثانی ④ خبر

(36) - "مَا" ترکیب کلام میں بن رہا ہے:
① نکرہ موصوفہ ② نکرہ مخصوصہ ③ یہ دونوں ④ لا احد فیہم

(37) - "بعوضۃ" یہ مفرد ہے:
① البعوض کا ② البعائض کا ③ کوئی نہیں

(38) - "مَاذَا اَرَادَ اللّٰہُ بِھٰذَا مَثَلًا" ترکیب کلام میں بن رہا ہے:
① تمیز ② حال ③ فاعل ④ لا احد فیہم

(39) - "یُضِلُّ بِہٖ کَثِیْرًا" کونسی چیز سے گمراہ کرتا ہے؟
① حق سے ② اسلام سے ③ یہ دونوں ④ کوئی نہیں

(40) - "یَنْقُضُوْنَ عَھْدَ اللّٰہِ" کونسا عہد مراد ہے؟
① نبی پر ایمان لانا ② جنگ میں جانا ③ ایک معبود کی عبادت کرنا

Scanned by TapScanner

(61) - "یُفسِدُونَ فِی الاَرضِ" کہ کیسا فساد کرتے ہیں؟
① نافرمانی ② ایمان سے روک کر ③ یہ دونوں ④ لا اعلم

(62) - "کَیفَ تَکفُرُونَ بِاللّٰہِ" کہ کیسے لوگ مراد ہیں؟
① اہل مکہ ② اہل مدینہ ③ اہل شام ④ لا اعلم

(63) - "فَسَوّٰھُنَّ" "ھُنَّ" ضمیر کا مرجع ہے:
① السماء ② الارض ③ الفراش ④ الکرسی

(64) - اللہ تعالیٰ نے کتنے آسمان بنائے:
① سات ② آٹھ ③ دس ④ پانچ

(65) - "وَاِذْ قَالَ رَبُّکَ" الخ مخاطب کون ہیں؟
① یا محمد ② یا موسیٰ ③ یا اہل مکۃ ④ یا اہل مدینۃ

(66) - اللہ تعالیٰ نے زمین کے اندر اپنا پہلا خلیفہ کس کو بنایا؟
① آدم علیہ السلام ② نوح علیہ السلام ③ موسیٰ علیہ السلام ④ محمد صلی اللہ علیہ وسلم

(67) - بنوالجان نے زمین میں کیا کیا تھا؟
① قتل ② نافرمانی ③ فساد پھیلایا ④ کچھ نہیں

(68) - بنوالجان کو ملائکہ نے دھکیل دیا تھا:
① کھلے میدان (الجزائر) ② پہاڑوں کی طرف ③ دونوں طرف

Scanned by TapScanner

(٦٩) "نَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ" کے کونسی تسبیح مراد ہے؟
① سبحان اللہ وبحمدہ ② لاحول ولا قوۃ ③ استغفر اللہ ④ اللہ اکبر

(٧٠) کس نے کہا ہم خلافت کے زیادہ حقدار ہیں؟
① ملائکہ ② ابلیس ③ جنات ④ آدم علیہ السلام

(٧١) اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا؟
① مٹی سے ② مختلف قسم کے پانیوں سے ④ دونوں سے

(٧٢) لن یخلق ربنا خلقا اکرم الخ یہ کن کا مقولہ ہے؟
① ملائکہ کا ② کفار کا ③ بنی اسرائیل کا

(٧٣) "إِنَّكَ أَنْتَ" أنت تاکید ہے:
① کاف کی ② لام کی ③ جملے کی ④ لا احد فیهم

(٧٤) "أَنْبِئْهُمْ" میں ضمیر کا مرجع کون ہیں؟
① ملائکہ ② انسان ③ کفار ④ جنات

(٧٥) "إِذْ قُلْنَا لِلْمَلَائِكَةِ اسْجُدُوا لِآدَمَ" یہاں کون سجدہ مراد ہے؟
① تعظیمی ② عبادت کا ③ کوئی نہیں

(٧٦) "وَكَانَ مِنَ الْكَافِرِينَ" یہاں پر کافرین سے کون مراد ہیں؟
① ابلیس ② بنی اسرائیل ③ نصاری

Scanned by TapScanner

(57) ۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت حوا کو پیدا فرمایا حضرت آدم علیہ السلام کی:
① سیدھی پسلی سے ② الٹی پسلی سے ③ دونوں سے

(58) ۔ "لَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ" کی کس درخت مراد ہے؟
① گندم کا ② انگور کا ③ ان دونوں کے علاوہ ④ تمام کے بارے قول ہیں۔

(59) ۔ "مِنِّي هُدًى" "هدىٰ" سے کیا مراد ہے؟
① کتاب ② رسول ③ یہ دونوں ④ لا احد فہم

(60) ۔ "فَأَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ" کس کو شیطان نے اتروا دیا؟
① آدم علیہ السلام ② حوا رضی اللہ عنہا ③ یہ دونوں ④ یہ دونوں نہیں

(61) ۔ "أَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ" سے کون مراد ہیں؟
① بنی اسرائیل والوں کے آباء ② یہودیوں کے آباؤ اجداد ③ لا احد فہم

(62) ۔ "وَلَا تَشْتَرُوا بِآيٰتِي" سے کیا مراد ہے؟
① نعمت محمد ② نعمت موسیٰ ③ کتاب پر ایمان لانا

(63) ۔ "أَتَأْمُرُونَ النَّاسَ بِالْبِرِّ" "بالبر" سے مراد:
① محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانا ② موسیٰ علیہ السلام پر ③ نوح علیہ السلام پر

(64) ۔ "وَأَنْتُمْ تَتْلُونَ الْكِتٰبَ" کتاب سے مراد ہے...
① قرآن ② تورات ③ زبور ④ انجیل

Scanned by TapScanner

(65) - کیا چیز شہوت کو توڑتی ہے؟

① صوم ② صبر ③ صلوۃ ④ (۱۱) صدقہ طعام

(66) - عدل کا لغوی معنی ہے

① عدائ ② عادل ③ کوئی نہیں

(67) - یذبحون ابناءکم کن سے بچے مراد ہیں؟

① نامولود ② نابالغ ③ بالغ

(68) - ضاحکین : کا معنی ہے :

① بھاگنے والے ② رونے والے ③ مسکرانے والے

(69) - "فانجینکم" کس چیز سے نجات دینا مراد ہے :

① قتل سے ② غرق بحر سے ③ عذاب سے

(70) - اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام سے کتنی راتوں کا وعدہ کیا ؟

① چالیس ② تیس ③ بیس ④ پچاس

(71) - بنی اسرائیل کے لیے بچھڑا بنایا تھا :

① سامری نے ② جادوگروں نے ③ عام لوگوں نے

(72) - حق و باطل، حلال و حرام میں فرق کرنے والی کتاب کو کیا کہتے ہیں :

① فرقان ② قرآن ③ زبور

Scanned by TapScanner

(73) ۔ بنی اسرائیل سے من و سلوی کیوں روک دیا گیا تھا؟
① جمع کرنے کی وجہ سے ② صبر نہ کرنے کی وجہ سے ③ شکر نہ کرنے کی وجہ سے

(74) ۔ "ادخلوا هذه القرية" سے کونسی بستی مراد ہے:
① بیت المقدس ② مکہ ③ مدینہ ④ مصر

(75) ۔ "فانزلنا على الذين ظلموا رجزا" سے کون سا عذاب مراد ہے؟
① طاعون ② مطلقاً بیماری ③ برص ④ کوڑھ

(76) ۔ "واذا استسقى موسى لقومه" کونسے مقام پر موسیٰ علیہ السلام نے پانی طلب کیا:
① التیہ میں ② بیت المقدس ③ مکہ ④ مدینہ

(77) ۔ جس پتھر پر موسیٰ علیہ السلام نے اپنا عصا مارا تھا اسکی صورت کیسی تھی؟
① مربع شکل کا ② ٹانگوں کی طرح ③ بہت باریک

(78) ۔ "على طعام واحد" اس سے کونسے کھانے مراد ہیں؟
① من و سلوی ② دیسی گھی ③ یہ دونوں

(79) ۔ "مما تنبت الارض من بقلها" میں مِن کونسا ہے؟
① بیانیہ ② تبعیض کے لئے ③ زائدہ ④ لا احد منھم

(80) ۔ "يقتلون النبيين" سے کون سے نبی مراد ہیں؟
① زکریا و یحیی ② موسی و نوح ③ عیسی و شمویل علیہم السلام

Scanned by TapScanner

(81)- "والصابئین" سے کون لوگ مراد ہیں؟
① یہود کا گروہ ② نصاری کا گروہ ③ یہ دونوں

(82)- "واذ اخذنا میثاقکم ورفعنا فوقکم" کس کتاب میں محفوظ لیا گیا؟
① تورات ② قرآن ③ زبور

(83)- "ولقد علمتم" لقد میں لام ہے:
① قسمیہ ② تفسیریہ ③ اضافی

(84)- ہفتہ کے دن مچھلی کا شکار کرنے والے تھے:
① اہل ایلہ ② اہل مکہ ③ اہل مدینہ

(85)- "نکالا" کا لغوی معنی ہے:
① عبرت ② سزا ③ انجام

(86)- "مسلمۃ" سے مراد:
① عیوب ② کام کے اثرات ③ یہ دونوں

(87)- قوم موسیٰ علیہ السلام نے گائے کو کس کے پاس پایا؟
① جوان کے پاس ② بزرگ کے پاس ③ فاسق کے پاس

(88)- کتنی رقم کے بدلے میں انہوں نے گائے کو خریدا؟
① کھال کو سونے سے بھر دیا ② چاندی سے ③ مٹی سے
مقتول کو گائے کے حصے کا کونسا ٹکڑا مارا گیا؟

Scanned by TapScanner

(۸۹)۔ ① دم ② زبان ③ دونوں کندھوں کے درمیان ④ منقول ہے [illegible]

(۹۰)۔ "ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ" مخاطب کون ہیں؟

① یہودی ② نصاریٰ ③ بنی اسرائیل

(۹۱)۔ "أَفَتَطْمَعُوْنَ" مخاطب کون ہیں؟

① مومن ② کافر ③ عیسائی

(۹۲)۔ "أَنْ يُّؤْمِنُوْا" ضمیر کا مرجع کون ہیں؟

① مومنین ② کافر ③ یہودی

(۹۳)۔ "وَإِذَا لَقُوْا" ضمیر کا مرجع کون ہیں؟

① یہودی منافق ② کافر ③ بنی اسرائیل

(۹۴)۔ "بِمَا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ" اللہ نے ان کے لئے کس چیز کو کھول دیا؟

① نعمت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ② حکمت ③ قرآنی آیتیں

(۹۵)۔ "أَيَّامًا مَّعْدُوْدَةً" سے مراد ہیں؟

① چالیس ② پچاس ③ ساٹھ ④ ستر

(۹۶)۔ "مَنْ كَسَبَ سَيِّئَةً" سیئۃ سے کیا مراد ہے؟

① کفر ② نافرمانی ③ شرک ④ بے ادبی

(۹۷)۔ قریظہ والوں نے کس کی حلیف بنایا تھا؟

① خزرج ② کفیر ③ بنی اسرائیل ④ الاوس

Scanned by TapScanner

(98) - نضیر والوں نے حلیف بنایا تھا:

① خزرج ② الاوس ③ یہودی

(99) - "تُفْدُوْهُمْ" دوسری قرأت میں پڑھا گیا؟

① تَفْدُوْهُمْ ② تُفٰدُوْهُمْ ③ یہ دونوں ④ کوئی نہیں

(100) - "اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ" بعض کتاب پر ایمان لانے سے کیا مراد ہے؟

① فدیہ ② قتل ③ جہاد

(101) - "وَتَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ" اس سے کیا مراد ہے؟

① ترک قتل ② الاخراج ③ المظاهرة ④ یہ سب

(102) - نضیر والوں کو کس ملک میں انکی طرف جلاوطن کیا گیا؟

① شام ② مصر ③ مکہ ④ مدینہ

(103) - "فَقَلِيْلًا مَّا يُؤْمِنُوْنَ" "ما" ترکیب کلام میں کیا بن رہی ہے؟

① زائدہ ② بیانیہ ③ موصولہ ④ موصولہ مصدریہ

(104) - "وَلَقَدْ جَآءَكُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ" بینات سے کیا مراد ہے؟

① معجزات ② کتابیں ③ کوئی نہیں

(105) - "وَلَتَجِدَنَّهُمْ" پر لام کونسا ہے؟

① قسمیہ ② ابتدائیہ ③ دونوں ④ دونوں نہیں

Scanned by TapScanner

(106) ۔ "عمّن یأتی بالوحی من الملائکة" یہ کس کا قول ہے؟

① ابن عمر ② ابن صوریا ③ ابن عباس

(107) ۔ حضور علیہ السلام کے پاس وحی کون لاتا تھا؟

① جبرئیل ② میکائیل ③ یہ دونوں

(108) ۔ جو جبرئیل علیہ السلام کا دشمن ہے چاہیے کہ وہ مر جائے ___

① نفاق میں ② غصے میں ③ شک میں

(109) ۔ "ولمّا جاءھم رسول من عند اللہ" کونسے رسول مراد ہیں؟

① محمد صلی اللہ علیہ وسلم ② موسیٰ علیہ السلام ③ عیسیٰ علیہ السلام

(110) ۔ "وما کفر سلیمٰن" یہ آیت کس کا رد کرنے کے لئے نازل ہوئی؟

① ② بنی اسرائیل کا ③ قوم عاد کا

(111) ۔ "راعنا" لغتِ یہود میں کس چیز کا معنی رکھتا تھا؟

① گالی کا ② مذاق کا ③ ان دونوں کا

(112) ۔ "ان ینزل علیکم من خیر" خیر سے کیا مراد ہے؟

① وحی ② قرآن کا نزول ③ کوئی نہیں

(113) ۔ "ما ننسخ من آیة" یہاں پر "ما" کونسی ہے؟

① نافیہ ② مصدریہ ③ شرطیہ

Scanned by TapScanner

(114) - "حَسَدًا مِّنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ" حسدا ترکیب کلام میں کیا بن رہا ہے؟

① مفعول بہ ② مفعول لہ ③ مفعول مطلق

(115) - "مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْحَقُّ" حق سے کیا مراد ہے؟

① شان نبی ② آیات مبارکہ ③ نبوت

(116) - "مَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ" خیر سے کیا مراد ہے؟

① نماز صدقہ ② زکوٰۃ حج ③ نماز روزہ

(117) - ھودًا کس کی جمع ہے؟

① ھائد کی ② ھاجر کی ③ ھادر کی

(118) - یہودیوں کی کتاب میں کس کی تصدیق ہے؟

① موسیٰ علیہ السلام ② نوح علیہ السلام ③ عیسیٰ علیہ السلام

(119) - نصاریٰ کی کتاب میں کس کی تصدیق ہے؟

① موسیٰ علیہ السلام ② عیسیٰ علیہ السلام ③ ھود علیہ السلام

(120) - "قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ" کون لوگ مراد ہیں؟

① عرب کے مشرکین ② نصاریٰ ③ یہودی

(121) - "وَسَعٰى فِيْ خَرَابِهَا" آیت کن بارے میں نازل ہوئی؟

① روم کے ② مشرکین کے ③ ان دونوں کے بارے محمول ہے

Scanned by TapScanner

122) إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ کی مخاطب کون ہے؟
① یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم ② موسیٰ علیہ السلام ③ عیسیٰ علیہ السلام

123) "إِنَّ هُدَى اللهِ" اللہ کی ہدایت سے کیا مراد ہے؟
① الاسلام ② صراط مستقیم ③ یہ دونوں

124) "جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ" العلم سے مراد:
① قرآن ② وحی ③ یہ دونوں

125) "يَتْلُونَهُ حَقَّ تِلَاوَتِهِ" حَقَّ کا نصب کس وجہ سے ہے؟
① مصدر کی بنیاد پر ② مفعول بہ ③ مفعول لہ کی بنیاد پر

126) "وَإِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ" بیت سے کون سا گھر مراد ہے؟
① کعبۃ اللہ ② مدینہ منورہ ③ یہ دونوں

127) "طَهِّرَا بَيْتِيَ" کس چیز سے پاک کرنا مقصود ہے
① بتوں سے ② کفار سے ③ مشرکین سے

128) الرُّكَّعُ کس کی جمع ہے؟
① رَاكِعٌ ② رُكُوعٌ ③ رَكْعٌ

129) السُّجُودُ کس کی جمع ہے؟
① سَاجِدٌ ② مَسْجِدٌ ③ سَاجِد

Scanned by TapScanner

(130) - "تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ" تِلْكَ کو مونث کیوں لایا گیا؟
① خبر کے مونث ہونے کی وجہ سے ② مذکر ہونے کی وجہ سے ③ یہ دونوں

(131) - "لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُم" : مخاطب کون ہیں؟
① یہود ② نصاری ③ مشرکین


(132) - "بَلْ مِلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا" حنیفاً ترکیب کلام میں کیا بن رہا ہے؟
① حال ② تمیز ③ مبتداء ④ ذوالحال


(133) - "قُولُوا آمَنَّا بِاللَّهِ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْنَا" مخاطب کون ہیں؟
① مومنین ② کافر ③ اهل مکة

(134) - ابراھیم علیہ السلام کو کتنے صحیفے عطا کیے گئے؟
① دس ② بیس ③ تیس

Scanned by TapScanner




Scanned by TapScanner